
# مختصر فضائلِ جمعہ
# و
# اعمالِ جمعہ



مرتب: سید محمد سفیان گنگوہی

مکتبہ دعوت و تبلیغ

محلّہ کوٹلہ شیر علی مسجد قصبہ گنگوہ (سہارنپور)

# مختصر فضائلِ جمعہ

# و

# اعمالِ جمعہ

مرتب: سید محمد سفیان گنگوہی

ناشر

مکتبہ دعوت و تبلیغ

محلّہ کوٹلہ شیر علی مسجد قصبہ گنگوہ (سہارنپور)

# انتساب

بندہ اس مختصر سی کاوش کو اپنے جدامجد حضرت
حکیم سید لیاقت حسین، والد ماجد حضرت مولانا حافظ
حکیم سید محمد غفران الحق نور اللہ مرقدہما۔

والدہ ماجدہ، برادران عزیز،
مادر علمی جامعہ اشرف العلوم رشیدی
اور
اپنے تمام اساتذۂ کرام کی جانب
منسوب کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے

سید محمد سفیان گنگوہی

# پیش لفظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ دَعَانَا لِلْاِیْمَانِ، وَھَدَانَا بِالْقُرْاٰنِ، وَأَجَابَ دَعْوَتَنَا بِالْفَضْلِ وَالْاِحْسَانِ، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْخَلْقِ الدَّاعِیْ اِلٰی دَعْوَۃِ الْحَقِّ، وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَتَابِعِیْہِ وَحِزْبِہِ الدُّعَاۃِ اِلٰی کَلِمَتِہٖ، وَالرُّعَاۃِ لِاُمَّتِہٖ فِیْ مِلَّتِہٖ.

أَمَّابَعْدُ!

گزشتہ سالوں سے بندہ کا جمعۃ المبارک کے دن دوستوں کو اعمال جمعہ کی زبانی ترغیب دینے کا معمول ہے۔ بفضل الٰہی تعلیم و تبلیغ کی برکت سے۔ الدال علی الخیر کفاعلہ کے تحت،

تحریر کا فائدہ تقریر سے اہم اور دیرپا ہے، بایں وجہ ان فضائل و اعمال کو تحریری شکل میں پیش کرنے کی مختصر سی کوشش مختصر فضائل جمعہ و اعمال جمعہ کی شکل میں احباب کے مشورہ سے کی جارہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت کو قبول فرمائے اور فرشتوں کی دعاؤں کا مستحق بنائے اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے، من صلی علی فی کتاب لم تزل الملائکۃ تستغفر له مادام اسمی فی ذلک الکتاب. المعجم الکبیر حدیث ۱۴۴۷

سید محمد سفیان ابن حضرت مولانا حکیم سید محمد غفران الحق

۲۴/ربیع الاول ۱۴۳۲ھ بروز منگل مطابق یکم مارچ ۲۰۱۱ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# آدابِ جمعہ

ہر مسلمان کو چاہیئے کہ جمعہ کی تیاری جمعرات ہی سے کرے جمعرات کے دن عصر کی نماز کے بعد استغفار زیادہ کرے، اور اپنے پہننے کے کپڑے تیار کر کے رکھے اور خوشبو جمعرات کے دن ہی لا کر رکھے، تاکہ پھر جمعہ کے دن ان کاموں میں مشغول نہ ہونا پڑے۔

بزرگانِ سلف نے فرمایا ہے کہ سب سے زیادہ جمعہ کا فائدہ اسکو ہوگا جو جمعہ کے انتظار میں رہتا ہو اور اس کا اہتمام جمعرات ہی سے کرتا ہو، اور سب سے زیادہ بدنصیب وہ ہے جس کو یہ بھی معلوم نہ ہو کہ جمعہ کب ہے حتیٰ کہ صبح کو لوگوں سے پوچھے آج کون سا دن ہے۔ بعض بزرگ جمعہ کی رات کو زیادہ اہتمام کی وجہ سے جامع

مسجد ہی میں جا کر رہتے تھے۔ (تسہیل از بہشتی زیور)

## فضائلِ جمعہ

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِنْ يَّومِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ.

(اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن نماز (جمعہ) کیلئے اذان دی جائے تو اللہ کے ذکر (خطبہ اور نماز) کیلئے جلدی جلدی پہنچو اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

سورۃ الجمعۃ

## جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے

قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ سَيِّدُ الْاَيَّامِ،

وَاَعْظَمُهَا عِنْدَ اللّٰہِ وَھُوَ اَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰہِ مِنْ یَوْمِ الْاَضْحٰی وَیَوْمِ الْفِطْرِ وَفِیْهِ خَمْسُ خِلَالٍ: خَلَقَ اللّٰهُ فِیْهِ آدَمَ وَاَھْبَطَ اللّٰهُ فِیْهِ آدَمَ اِلَی الْاَرْضِ وَفِیْهِ تَوَفَّی اللّٰهُ آدَمَ وَفِیْهِ سَاعَةٌ لَایَسْاَلُ اللّٰہَ فِیْهَا الْعَبْدُ شَیْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ، مَالَمْ یَسْاَلْ حَرَامًا وَفِیْهِ تَقُوْمُ السَّاعَةُ مَامِنْ مَلَکٍ مُقَرَّبٍ وَلَاسَمَاءٍ وَلَااَرْضٍ وَلَارِیَاحٍ وَلَا جِبَالٍ وَلَابَحْرٍ اِلَّا وَھُنَّ یُشْفِقْنَ مِنْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ. رواه ابن ماجه.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جمعہ کا دن سارے دنوں کا سردار ہے، اللہ تعالیٰ کے یہاں سارے دنوں میں سب سے زیادہ عظمت والا ہے، یہ دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک عید الاضحیٰ اور عید الفطر کے دن سے بھی زیادہ مرتبہ والا ہے، اس دن میں پانچ باتیں ہوئیں۔ اس دن اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا،

اسی دن ان کو زمین پر اتارا، اسی دن انکو موت دی، اس دن میں ایک گھڑی ایسی ہے کہ بندہ اس میں جو چیز بھی مانگتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو ضرور عطا فرماتے ہیں بشرطیکہ کسی حرام چیز کا سوال نہ کرے اور اس دن قیامت قائم ہوگی، تمام مقرّب فرشتے، آسمان زمین، ہوائیں، پہاڑ، سمندر سب جمعہ کے دن سے ڈرتے ہیں (اس لئے کہ قیامت جمعہ کے دن ہی آئے گی)۔ ابن ماجہ جلد ۱ صفحہ ۷۷

## جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن مرنے والے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَمُوْتُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ أَوْ لَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ اِلَّا وَقَاہُ اللّٰہُ فِتْنَۃَ الْقَبْرِ.

(مشکوۃ)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو مسلمان جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات میں انتقال کر جائے اللہ تعالیٰ اس کو عذابِ قبر سے محفوظ فرمائیں گے۔ مشکوٰۃ شریف صفحہ ۱۲۱

## جمعہ کی ہر گھڑی کی فضیلت

قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ یَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلَیْلَةَ الْجُمُعَةِ اَرْبَعٌ وَعِشْرُوْنَ سَاعَةً لَیْسَ فِیْهَا سَاعَةٌ اِلَّا وَلِلّٰهِ فِیْهَا سِتُّمِئَةِ اَلْفِ عَتِیْقٍ مِّنَ النَّارِ. مسند ابو یعلی.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات میں ۲۴ گھڑیاں ہیں اس میں کوئی گھڑی ایسی نہیں گزرتی مگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس میں ۶ / لاکھ (مسلمان) دوزخ سے آزاد کر دئے جاتے ہیں۔ مسند ابو یعلیٰ حدیث نمبر ۳۴۸۷

# اعمال جمعہ

## جمعہ کی رات میں حم الدخان اور سورۂ یٰس شریف پڑھنے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ قَرَأَ (سُوْرَۃَ) حٰمَ الدُّخَانَ لَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ غُفِرَلَہٗ. (رواہ الترمذی)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے حٰمَ الدُّخَانَ کو شبِ جمعہ میں پڑھا تو اس کی مغفرت کر دی جائے گی۔ ترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۱۲

(فائدہ) (سُوْرَۃُ) حٰمَ الدُّخَانَ . ۲۵/ پچیسوے پارے میں ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ قَرَءَ سُوْرَۃَ یٰسٓ فِیْ لَیْلَۃِ

الْجُمُعَةِ غُفِرَ لَهٗ (الترغیب والترہیب)

نبی کریم ﷺ نے فرمایا "جس شخص نے جمعہ کی رات میں سورۂ یٰسین شریف پڑھی اس کی مغفرت کردی جائے گی۔ (الترغیب والترہیب جلد نمبر ۱ صفحہ ۵۱۴)

## بدھ، جمعرات اور جمعہ کے دن روزہ رکھنے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ صَامَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ وَيَوْمَ الْخَمِيْسِ وَيَوْمَ الْجُمُعَةِ ثُمَّ تَصَدَّقَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِمَا قَلَّ مِنْ مَالِهٖ (اَوْ كَثُرَ) غُفِرَ لَهٗ كُلُّ ذَنْبٍ عَمِلَهٗ حَتّٰى يَصِيْرَ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ مِنَ الْخَطَايَا. (راوہ الطبرانی)

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے بدھ، جمعرات اور جمعہ کے دن روزہ رکھا، پھر جمعہ کے دن صدقہ کیا چاہے تھوڑا یا زیادہ تو

اس کے تمام گناہوں کی مغفرت کردی جائے گی۔ حتی کہ وہ ایسا ہو جائے گا جیسا کہ وہ اس دن تھا جس دن پیدا ہوا تھا۔ المعجم الکبیر جلد ۱۲ صفحہ ۲۷۲

## جمعہ کے دن فجر کی نماز سے پہلے تین مرتبہ استغفار پڑھنے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ قَالَ صَبِيْحَةَ الْجُمُعَةِ قَبْلَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَالْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ. ثَلَاثَ مَرَّاتٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ ذُنُوْبَهٗ وَلَوْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ. (رواہ ابن السنی)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص جمعہ کے دن فجر کی نماز سے پہلے تین مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَالْحَیُّ

اَلْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ. پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کی مغفرت فرمادیں گے چاہے اس کے گناہ سمند کے جھاگ کے برابر ہوں۔ ابن السنی صفحہ ۳۲

## جمعہ کے دن فجر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھنے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مَا مِنَ الصَّلوٰاتِ الخَمْسِ صَلاۃٌ اَفْضَلَ مِنْ صَلاۃِ الْفَجْرِ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فِی الْجَمَاعَۃِ وَمَا اَحْسَبُ مَنْ شَھِدَھَا مِنکُمْ اِلَّا مَغْفُوْرٌ لَّہٗ.

(رواہ البزار)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جمعہ کے دن فجر کی نماز باجماعت پڑھنے سے کوئی نماز افضل نہیں ہے اور میرا گمان یہ ہے

Scanned by CamScanner

کہ جو شخص جمعہ کے دن فجر کی نماز با جماعت پڑھے گا اس کی ضرور بالضرور مغفرت کردی جائے گی۔ کنز العمال جلد ۷ صفحہ ۳۴۹

## جمعہ کے دن فجر کی نماز میں مسنون قرأت

كَانَ النَّبِىُّ ﷺ يَقْرَأُ فِى الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ الٓمّٓ تَنْزِيْلُ وَهَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ (رواه البخاری)

نبی اکرم ﷺ جمعہ کے دن فجر کی نماز میں الٓمّٓ تَنْزِيْل اور هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ پڑھتے تھے۔ بخاری شریف جلد ۱ صفحہ ۱۲۲

فائدہ: یعنی سورہ سجدہ جو ۲۱/ویں پارے میں ہے اس کو پہلی رکعت اور سورہ دہر جو ۲۹/ویں پارے میں ہے اس کو دوسری رکعت میں پڑھتے تھے۔

## جمعہ کے دن کثرت سے درود شریف پڑھنے کا حکم

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أَكْثِرُوا عَلَيَّ مِنَ الصَّلَاةِ فِي كُلِّ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَإِنَّ صَلَاةَ أُمَّتِي تُعْرَضُ عَلَيَّ فِي كُلِّ يَوْمِ جُمُعَةٍ فَمَنْ كَانَ أَكْثَرَهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً كَانَ أَقْرَبَهُمْ مِنِّي مَنْزِلَةً. (راوہ البیہقی)

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود شریف بھیجا کرو کیونکہ میری امت کا ہر درود ہر جمعہ کو میرے سامنے پیش کیا جاتا ہے، پس جو شخص مجھ پر زیادہ درود پڑھے گا وہ مرتبہ میں میرے زیادہ قریب ہوگا۔ الترغیب والترہیب جلد ۲ صفحہ ۵۰۳

## جمعہ کے دن ۸۰/اسی مرتبہ درود شریف پڑھنے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ صَلّٰى عَلَىَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ثَمَانِيْنَ مَرَّةً غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ ذُنُوْبَ ثَمَانِيْنَ سَنَةً قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ الصَّلَاةُ ؟ قَالَ ﷺ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

(رواہ الدارقطنی)

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص جمعہ کے دن اسّی (۸۰) مرتبہ مجھ پر درود بھیجے اس کے اسّی (۸۰) سال کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔ عرض کیا گیا، یارسول اللہ ﷺ آپ

پر کیسے درود پڑھا جائے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یوں کہو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ. القول البدیع ص ۱۹۹

## ایک سے لیکر سو۱۰۰تک درود شریف پڑھنے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاةً وَاحِدَةً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ عَشْراً وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عَشْراً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ مِائَةً وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِائَةً کَتَبَ اللّٰهُ بَیْنَ عَیْنَیْهِ بَرَاءَةً مِّنَ النِّفَاقِ وَبَرَاءَةً مِّنَ النَّارِ وَأَسْکَنَهُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مَعَ الشُّهَدَاءِ. (رواہ الطبرانی)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس بار رحمتیں نازل کریں گے اور جو مجھ پر دس بار درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر سو بار رحمتیں نازل کریں گے اور جو شخص مجھ پر سو بار درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان پیشانی پر نفاق اور دوزخ سے آزادی لکھ دیں گے اور اس کو قیامت کے دن شہداء کے ساتھ ٹھہرائیں گے۔ الترغیب والترہیب ج ۲ ص ۴۷۸

## جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھنے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ قَرَأَ سُوْرَةَ الْكَهْفِ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ سَطَعَ لَهٗ نُوْرٌ تَحْتَ قَدَمِهٖ اِلٰى عَنَانِ السَّمَاءِ. وَغُفِرَ لَهٗ مَا بَيْنَ الْجُمُعَتَيْنِ. (رواه ابن مردويه)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص جمعہ کے دن سورۂ

کہف کی تلاوت کرے گا اس کے قدم سے لے کر آسمان کی بلندی تک نور ہو جائے گا جو قیامت کے دن روشنی دے گا، اور گذشتہ جمعہ سے اس جمعہ تک کے اس کے سب گناہ معاف ہو جائیں گے۔ کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۵۷۶

(فائدہ) سورۂ کہف ۱۵/ پندرہوے پارے میں ہے

## جمعہ کی نماز سے پہلے ناخن کاٹنا اور مونچھوں کا تراشنا

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ کَانَ یُقَلِّمُ اَظْفَارَهٗ وَیَقُصُّ شَارِبَهٗ یَوْمَ الْجُمُعَةِ قَبْلَ اَنْ یَّرُوْحَ اِلَی الصَّلَاةِ

(رواہ الهیثمی)

نبی اکرم ﷺ جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے لئے جانے سے پہلے اپنے ناخن اور مونچھے تراشتے تھے۔ طبرانی جلد ۱ صفحہ ۲۷۶

## جمعہ کی نماز کیلئے پیدل جانے کی فضیلت

قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ مَنْ غَسَّلَ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَاغْتَسَلَ ثُمَّ بَكَّرَ وَابْتَكَرَ وَمَشٰی، وَلَمْ يَرْكَبْ، وَدَنَا مِنَ الْإِمَامِ فَاسْتَمَعَ وَلَمْ يَلْغُ كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ عَمَلُ سَنَةٍ أَجْرُ صِيَامِهَا وَقِيَامِهَا. (راوہ ابو داؤد)

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص جمعہ کے دن خوب اچھی طرح غسل کرتا ہے، بہت سویرے مسجد جاتا ہے، پیدل جاتا ہے، سواری پر سوار نہیں ہوتا، امام سے قریب ہو کر بیٹھتا ہے اور توجہ سے خطبہ سنتا ہے اس دوران کسی قسم کی کوئی لغو بات نہیں کرتا وہ جمعہ کے لئے جتنے قدم چل کر آتا ہے اسے ہر ہر قدم کے بدلے ایک سال کے روزوں کا ثواب اور ایک سال کی راتوں کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔ ابو داؤد جلد ۱ صفحہ ۵۰

## جمعہ کی نماز میں مسنون قرأت

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقْرَأُ فِي صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ

بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى وَهَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ.

(رواه النسائی)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کی نماز میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ

الْاَعْلٰى اور هَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ پڑھتے تھے۔ ابن ماجہ جلد ۱ صفحہ ۲۸۱

## جمعہ کی نماز کے بعد سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس، سات سات مرتبہ پڑھنے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ قَرَأَ اِذَا سَلَّمَ الْاِمَامُ يَوْمَ

اَلْجُمُعَةِ قَبْلَ اَنْ يُّثَنِّيَ رِجْلَيْهِ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَقُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ سَبْعًا سَبْعًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ وَاُعْطِيَ مِنَ الْاَجْرِ بِعَدَدِ كُلِّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ.

(راوہ بن حجر عسقلانی)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص جمعہ کے دن امام کے سلام پھیرنے کے بعد اسی طرح بیٹھے ہوئے سورۃ الفاتحہ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ سات سات مرتبہ پڑھے تو اس کے اگلے پچھلے گناہوں کی مغفرت کردی جائے گی اور جتنے لوگ اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں ان کے تعداد کے بقدر اس کو ثواب عطا کیا جائے گا۔

ابن حجر عسقلانی خصال المکفرۃ صفحہ ۹۸

# جمعہ کی نماز کے بعد سبحان اللہ العظیم وبحمدہ سو مرتبہ پڑھنے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ قَالَ بَعْدَ مَا يَقْضِى الْجُمُعَةَ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ مِائَةَ مَرَّةٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ مِائَةَ اَلْفِ ذَنْبٍ وَلِوَالِدَيْهِ اَرْبَعَةً وَّعِشْرِيْنَ اَلْفَ ذَنْبٍ.

(رواہ ابن السنی)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص نے جمعہ کی نماز سے فارغ ہوکر "سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ" سو(۱۰۰) مرتبہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ اس کے ایک لاکھ گناہ معاف فرمادیں گے اور اس کے والدین کے چوبیس ہزار گناہ معاف فرمادیں گے۔ ابن السنی فی عمل الیوم واللیلة

صفحہ ۱۴۲

## جمعہ کے دن ماں باپ یا ان میں سے کسی ایک کی قبر کی زیارت کرنے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ زَارَ قَبْرَ وَالِدَیْہِ أَوْ اَحَدِھِمَا کُلَّ جُمُعَۃٍ غُفِرَ لَہٗ وَ کُتِبَ بَارًّا (رواہ الطبرانی)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص جمعہ کے دن اپنے ماں باپ یا ان میں سے کسی ایک کی قبر کی زیارت کرے تو اس کی مغفرت کردی جائے گی اور اس کو فرماں بردار لکھا جائے گا۔ کنز العمال جلد ۱۶ صفحہ ۴۶۸

## جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد ۸۰ مرتبہ درود شریف پڑھنے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ صَلّٰی صَلَاۃَ الْعَصْرِ مِنْ

يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَقَالَ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْمَ مِنْ مَكَانِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا. ثَمَانِيْنَ مَرَّةً غُفِرَتْ لَهٗ ذُنُوْبُ ثَمَانِيْنَ عَامًا وَ كُتِبَتْ لَهٗ عِبَادَةُ ثَمَانِيْنَ سَنَةً. (رواه السخاوی فی القول البدیع)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص نے جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا. ۸۰ مرتبہ پڑھا تو اس کے ۸۰ رسال کے گناہ معاف ہونگے اور ۸۰ سال کی عبادت کا ثواب اس کے لئے لکھا جائے گا۔

القول البدیع صفحہ ۱۸۸

# جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد دعاء مانگنے کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہ ﷺ اِنَّ فِی الْجُمُعَةِ سَاعَةً لا یُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ یَسْاَلُ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ فِیْهَا اِلَّا اَعْطَاهُ اِیَّاهُ وَهِیَ بَعْدَا لْعَصْرِ (رواہ احمد) الفتح الربانی جلد ۶ صفحہ ۱۳

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جمعہ کے دن ایک گھڑی ایسی ہوتی ہے کہ مسلمان بندہ اس میں اللہ تعالیٰ سے جو مانگتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو ضرور عطا فرماتے ہیں۔ اور وہ گھڑی عصر کے بعد ہوتی ہے۔ اخیر میں قارئین کرام سے مؤدبانہ التماس ہیکہ اس خاص اور مخصوص گھڑی میں بندہ اور اس کے اعزاء واقرباء کو اپنی مخصوص دعاؤں میں یاد رکھیں اور دورانِ مطالعہ مختصر کتابچہ میں کوئی کمی وبیشی

پائیں تو مطلع فرمائیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تلافی ہو سکے۔

اللہ تعالیٰ ہم سبکو ان تمام روایات پر عمل کرنیکی اور دوسروں تک پہنچانے کی کما حقہ توفیق عطا فرمائیں۔ آمین

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِاَبِیْ غُفْرَانَ وَارْفَعْ دَرَجَتَہٗ فِی الْمَھْدِیِّیْنَ وَاخْلُفْہُ فِیْ عَقِبِہٖ فِی الْغَابِرِیْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَہٗ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ. وَافْسَحْ لَہٗ فِیْ قَبْرِہٖ وَنَوِّرْ لَہٗ فِیْہِ. آمین

سید محمد سفیان گنگوہی

۲۴/ربیع الاول ۱۴۳۲ھ بروز منگل

مطابق یکم مارچ ۲۰۱۱ء

## خطبہ جمعہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدَانَا لِھٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَھْتَدِیَ لَوْ لَا

اَنْ هَدَانَا اللّٰهُ. وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا
شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ. صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ. اَمَّا بَعْدُ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ
اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِىْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ وَلَا
مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْئًا ؕ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ؕ فَلَا
تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٚ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ. يٰۤاَيُّهَا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْۤا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ
الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ؕ اِنَّهٗ تَعَالٰى جَوَادٌ
كَرِيْمٌ مَّلِكٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ.

## خطبۂ ثانیہ


اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ
وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ. وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ
سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا. مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ
فَلَا هَادِىَ لَهٗ. وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا

شَرِیْکَ لَهٗ. وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ. وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ط خُصُوْصًا عَلٰٓى اَوَّلِ الصَّحَابَةِ وَاَفْضَلِهِمْ بِالتَّحْقِيْقِ ط اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَبِيْ بَكْرِ ن الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ. وَعَلٰٓى اَوْرَعِ الْاَحْبَابِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ. رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ. وَعَلٰٓى اَكْمَلِ الْحَيَآءِ وَالْاِيْمَانِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ. وَعَلٰٓى اَسَدِ اللّٰهِ الْغَالِبِ ط اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ. رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ. وَعَلَى الْاِمَامَيْنِ الْهُمَامَيْنِ السَّعِيْدَيْنِ الشَّهِيْدَيْنِ ط اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَبِيْ مُحَمَّدِ ن الْحَسَنِ وَاَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا. وَعَلٰٓى اُمِّهِمَا سَيِّدَةِ النِّسَآءِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ. رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا. وَعَلٰى عَمَّيْهِ الشَّرِيْفَيْنِ بَيْنَ النَّاسِ ط اَلْحَمْزَةَ وَالْعَبَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ

تَعَالیٰ عَنهُمَا. وَعَلٰی سَآئِرِ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِینَ. رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِینَ. بِرَحْمَتِکَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِجَمِیعِ الْمُؤْمِنِینَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِینَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءِ مِنهُمْ وَالْاَمْوَاتِ. اِنَّکَ مُجِیبُ الدَّعْوَاتِ. اَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَّصَرَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاجْعَلْنَا مِنهُمْ. وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنهُمْ. عِبَادَاللّٰهِ. رَحِمَکُمُ اللّٰهُ. اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ ط یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ. اُذْکُرُوا اللّٰهَ یَذْکُرْکُمْ وَادْعُوْهُ یَسْتَجِبْ لَکُمْ. وَلَذِکْرُ اللّٰهِ تَعَالٰٓی اَعْلٰی وَاَوْلٰی وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَتَمُّ وَاَهَمُّ وَاَکْبَر.

(خطبه شهید)

# طہارت، وضوء، مسجد اور اعمال مسجد سے متعلق
# چالیس منتخب حدیثیں۔
## مع چھ صفات



Rs. 20

**مکتبہ دعوت وتبلیغ**

مرتب: سید محمد سفیان گنگوہی

محلّہ کوٹلہ شیر علی مسجد قصبہ گنگوہ (سہارنپور)
Mob. 09675949008
Rana Computer's 9917550268


واذا صلی احدکم لنفسہ فلیطول ماشاء (الحدیث)

# مایقال فی الصلوٰۃ

## نماز میں پڑھے جانے والے اذکار ودعائیں مع دائمی جنتری


تخریج وترتیب

سید محمد سفیان گنگوہی


المدرسة المحمدية للتبليغ القرآن والسنة

کاظمی دواخانہ شیر علی مسجد محلہ کوٹلہ گنگوہ ضلع سہارنپور یوپی 09675949008


# مرتب کی دیگر اہم کتابیں

۱ مختصر فضائلِ جمعہ واعمالِ جمعہ (اردو)

۲ چالیس احادیث اور آسان ٦ صفات (ہندی)

۳ گنگوہ شریف کے چار بزرگوں کے مختصر حالات (ہندی)

۴ خطب قصیرة ———— (عربی)



DESIGNED BY: M. UMAIR AL-FAZL COM. 09359209995

مکتبۃ الدعوۃ التبلیغ

Rs.15/-

دواخانہ حکیم سید لیاقت حسین شیر علی مسجد محلہ کوٹلہ قصبہ گنگوہ ضلع سہارنپور

✆ 09675949008 /8899658314

مختصر

# فضائلِ سُورۂ یٰس

## مع سُورۂ یٰس

مرتب
سید محمد سفیان گنگوہی

ناشر
مدرسہ محمدیہ تبلیغ القرآن والسنہ وکاظمی دواخانہ
شیر علی مسجد محلہ کوٹلہ قصبہ گنگوہ ضلع سہارنپور (یوپی) انڈیا رابطہ 9675053416

## مرتب کی دیگر اہم کتب

۱- مختصر فضائل جمعہ و اعمال جمعہ (اردو)

۲- چالیس احادیث اور آسان چھ صفات (ہندی)

۳- گنگوہ شریف کے چار بزرگوں کے مختصر حالات (ہندی)

۴- کتاب الاربعینات لصفات ستۃ (اردو)

۵- خطب قصیرۃ (عربی)

۶- الف صلوۃ (اردو)

۷- الاربعین السفیانیہ (اردو)

۸- مایقال فی الصلوۃ

Rs. 20

DESIGNED AND PRINTED BY.
AL FAZL COMPUTER SRE +91-9359209995

Madrasa
Mohammadiya Tablig ul Quran Wal Sunna
Kazmi Dawa Khana
Sher Ali Masjid, Mohalla Kotla Town Gangoh
Distt. Saharanpur, U.P. India, M. 9675053416

فتم میقات ربه اربعین لیلة (القرآن)

# کتاب الارت بعینا لصفات الستة

چھ صفات کے بارے میں چالیس آیات وچالیس روایات

وچالیس ارشادات صحابہ رضی اللہ عنہم

مع

حضرت مولانا سعید خان صاحب علیہ الرحمہ کی چالیس اہم نصیحتیں اور آسان چھ صفات

مرتب
سید محمد سفیان گنگوہی

ناشر
مدرسہ محمدیہ تبلیغ القرآن والسنہ و کاظمی دواخانہ
شیر علی مسجد محلہ کوٹلہ قصبہ گنگوہ ضلع سہارنپور (یوپی) انڈیا
رابطہ —— 967505341

# مرتب کی دیگر اہم کتب

۱- مختصر فضائل جمعہ و اعمال جمعہ (اردو)

۲- چالیس احادیث اور آسان چھ صفات (ہندی)

۳- گنگوہ شریف کے چار بزرگوں کے مختصر حالات (ہندی)

۴- مختصر فضائل یٰس شریف (اردو)

۵- خطب قصیرۃ (عربی)

۶- الف صلوۃ (اردو)

۷- الاربعین السفیانیہ (اردو)

۸- مایقال فی الصلوۃ

Rs. 40


Madrasa
Mohammadiya Tablig ul Quran Wal Sunna
Kazmi Dawa Khana
Sher Ali Masjid, Mohalla Kotla Town Gangoh
Distt. Saharanpur, U.P. India, M. 9675053416

DESIGNED AND PRINTED BY.
AL FAZL COMPUTER SRE +91-9359209995

# चालीस ह़दीस

# व

# आसान छः सिफ़ात

ईमान

नमाज़

इल्मो ज़िक्र

इकरामे मुस्लिम

इख़लास नियत

दअ़वतो तबलीग़



मुरत्तिबः


सैय्यद मुहम्मद सुफयान गंगोही

नाशिरः

कुतुब ख़ना दअ़वतो तबलीग़

मो० कोटला शेर अली मस्जिद कस्बा गंगोह

;सहारनपुरद्ध मो० ०९६७५९४९००८


मुख़्तसर
फ़ज़ाईले
जुमा व
आमाले
जुमा
मुरत्तिब:
सैय्यद मुहम्मद सुफयान गंगोही
नाशिर:
कुतुब ख़ना दअ़वतो तबलीग़
मो० कोटला शेर अली मस्जिद कस्बा गंगोह
;सहारनपुरद्ध मो० ०९६७५९४९००८
Rs. 3

# गंगोह शरीफ के

## चार बुज़ुरगों के मुख़्तसर हालात

मुरत्तिब

सय्यद मुहम्मद सुफ़यान गंगोही



नाशिर


मदरसा मुहम्मदिया तबलीग़ुल क़ुरआन वस्सुन्नह

व काज़मी दवाख़ाना शेर अली मस्जिद, गंगोह ज़िला सहारनपुर यूपी

फोन न0 9675949008

# मुरत्तिब की दीगर किताबें

1- मुख़्तसर फज़ाइले जुमा व आमाले जुमा —— ( उर्दू )
2- चालीस अहादीस व आसान 6 सिफात —— ( हिन्दी )
3- मा युक़ाल फिस्सलात नमाज़ में पढ़े जाने वाले
अज़्कार और दुआऐं व दाइमी जन्तरी —— ( उर्दू )
4- खुताबुन क़सीरह —— (अरबी )



Designed & Printed by. AL-FAZL COM.9359209995

Rs.20/-

कुतुब ख़ाना दावतो तबलीग़
व दवाख़ाना हकीम सय्यद लियाक़त हुसैन शेर अली मस्जिद, गंगोह
ज़िला सहारनपुर यूपी फोन न0 9675949008